تنظیمِ اسلامی مرکزی شعبہ نشرواشاعت
K/36 ماڈل ٹاؤن لاہور-فون 3-042-35869501 - 042-3586304 فیکس 042-35834000
E-mail: media@tanzeem.org, Website:www.tanzeem.org

تنظیم اسلامی

31 مارچ 2018ء

# پریس ریلیز

لاہور(پ ر)وزیر اعظم اور چیف جسٹس کی ملاقات موجودہ حالات کے تناظر میں سودمند ثابت نہ ہوگی۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر حافظ عاکف سعید نے قرآن اکیڈمی لاہور میں خطاب جمعہ کے دوران کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ عدلیہ دوسرے اداروں کی طرح مذاکرات کے ذریعے کچھ لو اور کچھ دو کے اصول پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرسکتی۔ عدلیہ کو اپنے فیصلے سختی کے ساتھ آئین اور قانون کے مطابق کرنا ہوتے ہیں۔ حکومتی یا عدالتی سطح پر اب کون سی اصلاحات ممکن ہیں جبکہ حکومت کے پاس اب صرف دو ماہ باقی ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ اس وقت جبکہ وزیر اعظم کے قائد اور سرپرست میاں نواز شریف کے خلاف بہت سے مقدمات زیر سماعت ہیں اس ون ٹو ون ملاقات نے بہت سے شکوک وشبہات کو جنم دیا ہے۔ جمہوریت کے دعویداروں کو معلوم ہونا چاہیے کہ ایسے موقع پر ون ٹو ون ملاقات غیر جمہوری اور عدالتی روایات کے خلاف ہے۔ پاکستان کے پہلے چیف جسٹس سر عبدالرشید نے تو وزیر اعظم لیاقت علی خان کی دعوت صرف اس لیے مسترد کردی تھی کہ ان کی عدالت میں حکومت کے خلاف ایک مقدمہ زیر سماعت تھا۔ جبکہ وزیر اعظم کے قائد نواز شریف کی ذات کے حوالے سے کئی مقدمات عدالتوں میں زیر سماعت ہیں۔ ملالہ یوسفزئی کو وزیر اعظم کی طرف سے شیلڈ دینے پر تبصرہ کرتے ہوئے امیر تنظیم اسلامی نے کہا کہ چند سال پہلے جب اُن پر قاتلانہ حملہ ہوا تھا تو اُس کی سب طرف سے مذمت کی گئی تھی لیکن وہ علاج کی غرض سے لندن گئیں اور وہاں مسلسل اسلام اور پاکستان کے خلاف بولتی رہیں اسلام دشمن غیر ملکی اداروں نے اُنہیں ہاتھوں ہاتھ لیا اور اُنہیں بہت سے انعامات سے نوازا گیا۔ ملالہ نے اسلام اور پاکستان کے خلاف ایک کتاب لکھی۔ عالمی طاقتوں نے اُنہیں امن کا نوبل پرائز بھی دیا حالانکہ اُن کی امن کے حوالے سے زمینی کارکردگی صفر تھی۔ حقیقت یہ ہے کہ عالمی ادارے پاکستان کے صرف اُن لوگوں کو نوازتے ہیں جو اسلام دشمنی کا مظاہرہ کریں۔ پہلے عبد السلام قادیانی کو نوبل پرائز دیا گیا۔ اور اب ملالہ یوسفزئی کو میڈیا کے ذریعے پروان چڑھایا جارہا ہے۔

جاری کردہ

(ایوب بیگ مرزا)
ناظم نشرواشاعت تنظیم اسلامی
0321-4893436

# TANZEEM E ISLAMI

**PRESS RELEASE: March 31,2018**

**"The meeting between the Chief Justice of Pakistan and the Prime Minister of Pakistan would not prove to be of any benefit under the prevalent circumstances of the countrv."**

## (Hafiz Aakif Saeed)

**Lahore (PR): "The meeting between the Chief Justice of Pakistan and the Prime Minister of Pakistan would not prove to be of any benefit under the prevalent circumstances of the country."**

This was stated by the Ameer of Tanzeem e Islami, **Hafiz Aakif Saeed**, during the Khitab e Jumu'ah in Qur'an Academy, Lahore.

The Ameer noted that the Supreme Court of Pakistan, unlike other institutions of the country, could not compromise on the principles of Justice by "negotiating" according to the doctrine of "you scratch my back and I'll scratch yours", or "give and take". This, he said, was because the apex court ought to give judgments in various cases on the basis of the stringent measures of justice according to the constitution and the law of the land. The Ameer added that it was a no-brainer to be talking about "judicial reforms" from the legislative and judicial platforms, given that the present government had merely two months left in power. The Ameer remarked that the fact of the matter was that the "one on one" meeting between the two had raised many doubts, because a number of cases against the party head and the benefactor of PM Abbasi, Mian Nawaz Sharif, were being heard before the courts. The Ameer said that the "champions of democracy" ought to know that under such circumstances, the one-on-one meeting was simply undemocratic and against all established judicial norms. The first Chief Justice of Pakistan, Sir Mian Abdul Rashid, had politely declined an invitation to an official dinner hosted by the then PM of Pakistan, NawabzadaLiaquat Ali Khan, because a case against the government of Pakistan was being heard in his court, whereas presently, there are a number of cases being heard in the courts against, Mian Nawaz Sharif, the party leader of the current PM of the country, he added.

While commenting on the presentation of a "shield of honor" to Malala Yousafzai, the Ameer said that a few years back when militants attacked and shot the girl, everyone, including Tanzeem-e-Islami,vehemently condemned the act of brutality. However, when she went to the UK for treatment and started a continuous barrage of verbal "hate attacks" against Islam and Pakistan, institutions and organizations that are enemies of Islam took her into their folds and nurtured her, while bestowing countless awards on her. Malala Yousafzai went on to "write" a book that included diatribes against both Islam and Pakistan. The global powers awarded her the Nobel Prize for Peace, despite the fact that she had no contribution on the ground for peace whatsoever. The Ameer said that it was a fact that international institutions bestowed honors and prizes on those Pakistanis only who demonstrated ample enmity against Islam. He concluded by remarking that first, the *Qadiani*, Abdus Salam, was given the Nobel Prize and now, Malala Yousafzai was continuously being brought into the spotlight through media.

Issued by
Ayub Baig Mirza
Nazim of Press and Publications Section
Tanzeem e Islami, Pakistan
Contact: 0321 - 4893436